نتائج سالانہ امتحانات جامعہ علوم اثریہ

سابقہ روایات کے مطابق امسال بھی جامعہ کے زیراہتمام سالانہ امتحانات بتاریخ 22 اگست بمطابق 8 شعبان بروز بدھ شروع ہوئے اور 30 اگست بمطابق 16 شعبان بروز جمعرات اختتام پذیر ہوئے۔

جامعہ کے چار شعبہ جات قسم الدراسات الاسلامیہ والعربیہ، شعبہ تحفیظ القرآن الکریم، قسم قراءۃ القرآن الکریم نظراً اور اثریہ ہائی سکول و اثریہ سکول مخدوم آباد میں طلبہ کی کل تعداد 1238 ہے۔

شعبہ کتب میں جامعہ بھر میں امتیازی پوزیشن حاصل کرنے والے طلباء

نمبر شمار	نام	جماعت	مضامین	کل نمبر	حاصل کردہ نمبر	پوزیشن
1	عمر فاروق	ثانیہ عالیہ	13	1300	1239	اول
2	عبدالقدیر	ثانیہ عالیہ	13	1300	1226	دوم
3	فضل اللہ	ثانیہ عالیہ	13	1300	1222	سوم

شعبہ حفظ میں جامعہ بھر میں پوزیشن حاصل کرنے والے طلباء

نمبر شمار	نام	پوزیشن
1	عبدالحق بن عبدالجلیل	اول
2	عبدالقدیر بن محمد آصف	دوم
3	ثناء اللہ بن دوست محمد	سوم
4	سلطان رحیم بن گل رحیم	سوم

جامعہ میں انعامی مقابلوں میں امتیازی پوزیشن حاصل کرنے والے طلباء

مقابلہ حفظ الحدیث: اول: محمد شاہد دوم: اویس اللہ سوم: عبداللہ وقار

مقابلہ نحو: اول: محمد عثمان دوم: محمد مأمور سوم: اقدس حسین

مقابلہ صرف: اول: اقدس حسین دوم: عبداللہ وقار سوم: محمد بلال

تقریری مقابلہ: اول: محمد کاشف دوم: عمر فاروق سوم: عبدالقدیر اسد

مثالی طالب علم: عبداللہ وقار بن محمد یونس (اُولی متوسطہ)

وفیات

محمود مرزا جہلمی، مرزا اسجد محمود، مرزا تصدق حسین اور مرزا جہانگیر کو صدمہ

مورخہ 5 جولائی بروز جمعرات محمود مرزا جہلمی کی خوشدامن، مرزا اسجد محمود، مرزا تصدق حسین کی والدہ اور مرزا جہانگیر کی نانی محترمہ طویل علالت کے بعد وفات پا گئیں۔ انا للّٰہ و انا الیہ راجعون.

مرحومہ بڑی متقیہ، نماز پنجگانہ کی پابند اور اللہ کی راہ میں خرچ کرنے والی خاتون تھیں بالخصوص موت کے وقت وصیت کی کہ میری ساری رقم جامع مسجد صوبہ خان اہل حدیث ٹھل کی مرمت پہ لگا دی جائے، اللہ تعالیٰ ان کی حسنات قبول فرمائے، مرحومہ کی نماز جنازہ ان کے آبائی گاؤں ٹھل میں حافظ عبدالحمید عامر صاحب نے پڑھائی۔

چوہدری انیس کو صدمہ

مورخہ 22 اگست بروز بدھ چوہدری انیس کے بہنوئی اعظم ڈار (انکم ٹیکس آفیسر) مشین محلّہ نمبر 3 میں وفات پا گئے۔ انا للّٰہ و انا الیہ راجعون. مرحوم بڑے بااخلاق، ملنسار اور متواضع انسان تھے۔

حاجی محمد طارق و محمد اجمل کو صدمہ

مورخہ 27 اگست بروز سوموار حاجی محمد طارق و محمد اجمل کے والد محترم وفات پا گئے۔ انا للّٰہ و انا الیہ راجعون۔ مرحوم کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے کوٹلہ آئمہ میں پڑھائی۔ علاقہ بھر سے لوگوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

ادارہ ''حرمین'' و جامعہ علوم اُثریہ اور مرکزی جمعیت اہل حدیث جہلم مذکورہ بالا مرحومین کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ اللہ تعالیٰ مرحومین کی لغزشوں، کوتاہیوں اور گناہوں کو معاف فرمائے اور انہیں جنت الفردوس میں بلند مقام عطا فرمائے اور ورثاء کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)